WIDA ACCESS کیا ہے؟

WIDA ACCESS ایک ٹیسٹ ہے جو گریڈ K-12 میں موجود طالب علموں کی نشاندہی کرنے کے لئے لیا جاتا ہے کہ وہ انگریزی زبان سیکھنے والے ہیں۔ انگریزی زبان سیکھنے والا ایک طالب علم ہے جس کی باضابطہ طور پر نشاندہی کی گئی ہے کہ اس کو زبان سیکھنے میں مدد کی ضرورت ہے تاکہ وہ انگریزی میں تعلیمی مواد کو کامیابی سے پڑھ اور سمجھ سکے۔

WIDA ACCESS طالب علموں کی انگریزی زبان میں سُننے، پڑھنے، بولنے اور لکھنے کی صلاحیتوں کو ماپتا ہے۔

میرا بچہ WIDA ACCESS ٹیسٹ کیوں لے گا؟

آپ کے بچے کی نشاندہی انگریزی زبان سیکھنے والے کے طور پر ہوئی تھی۔ انگریزی زبان سیکھنے والے انگریزی زبان کی مہارت کا ٹیسٹ لیتے ہیں، جیسا کہ WIDA ACCESS، ہر سال۔ اساتذہ WIDA ACCESS ٹیسٹ کے نتائج کو آپ کے بچے کی انگریزی زبان میں مہارت کی پیشرفت کو چیک کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

WIDA ACCESS ٹیسٹ کے نتائج کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

ٹیسٹ لینے سے اساتذہ کو یہ بات سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ کیا طالب علموں کو زبان کی صلاحیتں حاصل ہوگئی ہیں جو ان کے لئے کلاس روم میں مکمل طور پر حصہ لینے کے لئے ضروری ہیں۔ آپ کے بچے کے اسکول کے کام کے ساتھ، اساتذہ WIDA ACCESS ٹیسٹ کے اسکورز کا استعمال کرتے ہیں یہ فیصلہ کرنے کے لئے کہ آپ کے بچے کو بہترین طریقے سے کیسے پڑھایا جائے۔

ٹیسٹ کے اسکورز اساتذہ کی مدد کرتے ہیں آپ کے بچے کی تعلیمی انگریزی سیکھنے کی پیشرفت پر نظر رکھنے میں اور اسکول کی مدد کرتے ہیں یہ فیصلہ کرنے میں کہ اس کو زبان کی کونسی سپورٹ سروس فراہم کرنی ہیں۔ آپ اس ٹیسٹ کی معلومات کو اسکول میں اپنے بچے کی وکالت کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

انگریزی زبان کی مہارت

انگریزی زبان کی مہارت کا لیول ایک ماپنے کا طریقہ ہے جس میں طالب علم انگریزی زبان کی صلاحیتوں کو سیکھنے کے عمل میں ہوتے ہیں جو مواد کی ہدایات تک رسائی کے لئے ضروری ہوتی ہیں انگریزی زبان میں۔ جب طالب عمل انگریزی زبان کی مہارت کے سب سے اونچے لیول پر پہنچ جاتے ہیں تو، ان کو زبان کی سپورٹ سروسز کی ضرورت نہیں ہوتی مواد کی ہدایات میں حصہ لینے کے لئے جو انگریزی زبان میں ہوتی ہیں۔

WIDA، یونیورسٹی آف وسکونسن-میڈیسن کے Wisconsin Center for Education Research کے تحت قائم ہے۔
© Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA 2025

WIDA™
UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON

اس کے لئے تیاری کرنا WIDA ACCESS

- آپ کے بچے کو WIDA ACCESS کے لئے تیاری کرنے کی ضرورت نہیں۔ یہ ٹیسٹ تمام طالب علموں کے لئے ایک موقع ہے وہ تمام طریقے دکھانے کے لئے کہ وہ انگریزی زبان کو کتنا سمجھتے اور اس میں بات چیت کرسکتے ہیں۔
- آپ مثالیں تلاش کرسکتے ہیں WIDA ACCESS ٹیسٹ کے سوالات کی صفحے پر WIDA، ویب سائیٹ کے، wida.wisc.edu/assess/access/preparing-students/practice.
- ٹیسٹ والے دن کے لئے تیاری کریں اس بات کو یقینی بنا کر کہ آپ کا بچے کی نیند پوری ہو اور وہ ناشتہ کرکے آئے۔
- اپنے بچے کے اساتذہ سے بات کریں کہ آپ کو ٹیسٹ کے اسکورز کب ملیں گے، آپ کے بچے کا اسکول ان اسکورز کو کیسے استعمال کرتا ہے اور کیسے گھر پر آپ کی فیملی اپنے بچے کی زبان کی نشوونما کو سپورٹ کرسکتی ہے۔

وہ سوالات جو آپ اپنے بچے کے اساتذہ سے پوچھ سکتے ہیں

- میرا بچہ WIDA ACCESS ٹیسٹ کب لے گا؟
- مجھے میرے بچے کے WIDA ACCESS ٹیسٹ کے اسکورز کب ملیں گے؟
- میرے بچے کی انگریزی زبان کی نشوونما کے اہداف کو کیسے ریکارڈ کیا جاتا ہے اور ان پر نظر کیسے رکھی جاتی ہے؟
- ٹیسٹ کے اسکورز کو استعمال کرکے کیسے میرے بچے کی تعلیمی انگریزی زبان سیکھنے کی پیشرفت میں مدد کی جائے گی؟
- آپ کیسے فیصلہ کرتے ہیں کہ میرے بچے کو انگریزی زبان کی سروسز دینا روک دی جائیں گی؟

WIDA، یونیورسٹی آف وسکونسن-میڈیسن کے Wisconsin Center for Education Research کے تحت قائم ہے۔
© Board of Regents of the University of Wisconsin System, on behalf of WIDA 2025

WIDA™
UNIVERSITY OF WISCONSIN–MADISON